وائس چیئرمین
تحریک انصاف
مخدوم شاہ محمود قریشی
کو 9 مئی کے مقدّمات میں
ذمہ دار ٹھہرانے کا معاملہ

- پاکستان تحریک انصاف نے عدت کیس میں ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے فیصلے کو صریح ناانصافی قرار دے کر مکمل طور پر مسترد کردیا
- جسٹس محمد افضل مجوکا کے فیصلے کے خلاف فوری طور پر ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا اعلان
- پاکستان مکمل طور پر فسطائیت کی ذد میں ہے اور ہمارا نظامِ عدل ریاستی بدمعاشوں کے رحم و کرم پر ہے
- بانی چیئرمین عمران خان اور ان کے اہلیہ کے خلاف بے بنیاد، من گھڑت، جعلی اور بیہودہ مقدمے کے حرف حرف سے ناانصافی اور انتقام جھلک رہے ہیں
- ابتداء سے لے کر آج تک ہر موقع اور ہر قدم پر قانون و انصاف کی دھجیاں اڑا کر اس بیہودہ مقدمے کو عمران خان اور ان کی اہلیہ کو جیل میں رکھنے کے ایک جواز کے طور پر استعمال کیا جارہا ہے
- نقاب پوشوں اور منصوبہ سازوں کے اشاروں پر ناچتے درخواستگزار اور پراسیکیوشن کے بھونڈے حربوں اور ہتھکنڈوں کے بعد ٹرائل کورٹ اور موجودہ عدالت خود کو انصاف کی محافظ ثابت کرنے میں ناکام رہی ہے
- توشہ خانہ اور سائفر مقدمات کے انجام تک پہنچ جانے کے بعد بزدل ریاستی منصوبہ سازوں کے پاس انصاف کے ننگے قتل کے ذریعے عمران خان اور ان کی اہلیہ کو قید میں رکھنے کے سوا بظاہر کوئی جواز موجود نہ تھا
- جنگل راج سے آزادی کیلئے ہاتھ پائوں مارنے والی عدلیہ سے امید ہے کہ وہ بدترین سیاسی انتقام کا نشانہ بنائے جانے والے ملک کے مقبول ترین قائد اور ان کی عفت مآب اہلیہ کے بنیادی حقوق کو بھی تحفظ فراہم کریگی
- تحریک انصاف فوری طور پر اس فیصلے کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع کرے گی اور بانی چیئرمین عمران خان اور ان کی اہلیہ کی فی الفور رہائی کیلئے ہر ممکن قدم اٹھائے گی

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ

وائس چیئرمین تحریک انصاف مخدوم شاہ محمود قریشی کو 9 مئی کے مقدّمات میں ذمہ دار ٹھہرانے کا معاملہ

- وائس چیئرمین تحریک انصاف مخدوم شاہ محمود قریشی کو 9 مئی کے مقدّمات میں ذمہ دار ٹھہرانے کا معاملہ
- پاکستان تحریک انصاف نے مشترکہ تحقیقاتی ٹیم کو قانون و انصاف کے قتل میں سہولتکار قرار دیکر اس کی تحقیقات کو مسترد کر دیا
- وائس چیئرمین شاہ محمود قریشی بانی چیئرمین عمران خان کیطرح بدترین سیاسی انتقام اور ریاستی جبر و فسطائیت کے شکنجے میں قید ہیں
- شاہ محمود قریشی کو عمران خان اور ان کے حقیقی آزادی کے ایجنڈے کے ساتھ کھڑے ہونے کی سزا دی جا رہی ہے
- پوری انتظامی مشینری خصوصاً پولیس اور بیوروکریسی کو تباہ کر کے عمران خان اور ان کے ساتھیوں کو ننگی لاقانونیت اور صریح ناانصافی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے
- ان جھوٹے، جعلی، بے بنیاد، من گھڑت اور بیہودہ مقدمات کے ذریعے سیاسی کارکنان اور قائدین ہی کو نہیں پورے نظامِ عدل کے گلے میں پھندہ ڈال دیا گیا ہے
- قانون شکن مداخلت کاروں کی ایما پر پوری انتظامی مشینری خصوصاً پولیس اور پراسیکیوشن گمراہ کن اور جھوٹے شواہد کے انبار لگا کر عدالتوں کو گمراہ، رجیم کے ناقدین کو انتقام کا نشانہ بنا رہے ہیں
- ظلم اور جبر کے سامنے سرنگوں نہیں ہوں گے، ہر میدان ہر محاذ پر جنگل راج کا مقابلہ کریں گے
- عدالتیں جنگل راج اور اس کی کٹھ پتلی سول انتظامیہ کے مجرمانہ منصوبوں کا نوٹس لے اور دستور و قانون کو بحال کروا کر انصاف کو قائم کیا جائے

ترجمان تحریک انصاف | منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ